نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

حکومت پنجاب نے 4ارب 76 کروڑ روپے کی لاگت سے ایک انقلابی منصوبہ کا آغاز کر دیا

ڈرپ اور سپرنکلر نظام آبپاشی کے لئے سولر سسٹم پر 80 فیصد اور ٹنل پر 50 فیصد سبسڈی دی جائے گی

لاہور: 16 جنوری 2017 (   ) خادم پنجاب کسان پیکیج کے تحت حکومت پنجاب کی جانب سے دستیاب پانی کے موثر استعمال اور آبپاش زراعت کی پیداوار بڑھانے کے لئے 4ارب 76 کروڑ روپے کی لاگت سے ایک انقلابی منصوبہ کا آغاز کر دیا گیا ہے جو تین سالوں میں مکمل ہوگا۔اس منصوبہ سے منافع بخش زراعت کو فروغ ملے گا اور جدید ٹیکنالوجی پیکیج کے تحت صوبہ بھر میں 20 ہزار پر ڈرپ / سپرنکلر نظام آبپاشی چلانے کے لئے سولر سسٹم اور 3 ہزار ایکڑ پر سبزیوں کی کاشت کے لئے ٹنل ٹیکنالوجی کی تنصیب کا آغاز کر دیا گیا ہے۔ڈرپ اور سپرنکلر نظام آبپاشی کے لئے سولر سسٹم پر 80 فیصد اور ٹنل پر 50 فیصد سبسڈی دی جائے گی جس کے لئے درخواستیں جمع کرانے کی آخری تاریخ 31 جنوری ہے۔زرعی ماہرین کے مطابق یہ منصوبہ کسان کی خوشحالی اور منافع بخش کاشتکاری کے لئے انتہائی اہم ہے۔کسان اس منصوبہ سے بھرپور فائدہ اٹھائیں۔

☆☆